

# تپ دق انفیکشن
# کے بارے میں بات کرنا





# تعارف

دنیا بھر میں لاکھوں لوگوں کو تپ دق (tuberculosis, TB) کا انفیکشن ہے۔ ایسا بھی ممکن ہے کہ کسی شخص کے جسم میں تپ دق کے بیکٹیریا (مائکوبیکٹیریم ٹیوبرکلوسز) ہوں لیکن وہ شخص بیمار محسوس نہ کرے۔ اس کو تپ دق انفیکشن کہتے ہیں۔ جب تپ دق کے جراثیم بڑھتے ہیں اور اس شخص میں علامات نمودار ہونے لگتی ہیں تو ایسا ہونے کہ وجہ انفیکشن کا فعال تب دق بیماری میں تبدیل ہو جانا ہوتا ہے جو کہ **ایک سنگین مرض** ہے۔

یہ جاننا کہ آپ کو تپ دق کا انفیکشن ہے خوفناک ہوسکتا ہے - خاص طور پر تپ دق انفیکشن اور فعال تپ دق بیماری کے بارے میں غلط معلومات کی وجہ سے۔ کچھ لوگ تپ دق کے انفیکشن اور فعال تپ دق بیماری کے بارے میں شرم، خوف یا بدنامی محسوس کر سکتے ہیں۔ دوست اور کنبہ کے افراد ناپسندیدگی کا اظہار کر سکتے ہیں۔ وہ تپ دق سے متاثرہ شخص کو سرگرمیوں سے خارج کر سکتے ہیں۔ **یہ تمام حقائق کا علم نہ ہونے کی وجہ سے ہو سکتا ہے۔ یہ رہنمائی آپ کو اپنے نگہداشت صحت فراہم کنندہ، پیاروں اور کمیونٹی کے ساتھ تپ دق انفیکشن اور فعال تپ دق بیماری کے بارے میں بات کرنے کے طریقے فراہم کرتی ہے۔**

| اگر کوئی یہ کہے... | تو یہ بتائیں... |
|---|---|
| افسانہ | حقیقت |
| تپ دق انفیکشن اور فعال تپ دق کی بیماری قابل علاج نہیں ہیں۔ | تپ دق انفیکشن اور فعال تپ دق بیماری صحیح علاج سے قابل علاج ہیں۔ "میں تپ دق انفیکشن کے لیے دوا لے رہا ہوں تاکہ میں فعال تپ دق بیماری، جو کہ ایک سنگین مرض ہے، سے محفوظ رہ سکوں۔" |
| اگر آپ کو تپ دق انفیکشن ہے تو آپ کو اپنے خاندان یا دوستوں کے آس پاس نہیں جانا چاہیے۔ | تپ دق کا انفیکشن متعدی نہیں ہے۔ آپ کو کسی ایسے شخص سے تپ دق نہیں "ہو سکتا" جس کو تپ دق کا انفیکشن ہے۔ تاہم، فعال تپ دق کی بیماری متعدی ہے۔ تپ دق انفیکشن کے لیے دوائی لینا آپ کو فعال تپ دق بیماری سے بچاتا ہے۔ |
| آپ کو فعال تپ دق بیماری ہو سکتی ہے اگر آپ کھانا شیئر کرتے ہیں یا کسی ایسے شخص کے ساتھ ایک ہی برتن کا استعمال کرتے ہیں جسے فعال تپ دق بیماری ہے۔ | برتن شیئر کرنے سے آپ کو فعال تپ دق بیماری نہیں ہو سکتی۔ تپ دق کے بیکٹیریا ہوا کے ذریعے پھیلتے ہیں۔ جب کوئی ایسا شخص کھانستا ہے، چھینکتا ہے یا بولتا ہے جو فعال تپ دق بیماری سے بیمار ہے تو وہ تپ دق کے بیکٹیریا کو ہوا میں پھیلاتا ہے۔ لوگ تپ دق کے بیکٹیریا سانس کے ذریعے اندر لے سکتے ہیں اور بیمار ہو سکتے ہیں۔ |

"میں اپنے اور اپنے پیاروں کے لیے صحت مند رہنے اور اس بات کو یقینی بنانے کے لیے تپ دق انفیکشن کی دوا لیتا ہوں کہ مجھے فعال تپ دق کی بیماری نہ ہو۔"

| اگر کوئی یہ کہے... | تو یہ بتائیں... |
| --- | --- |
| افسانہ | حقیقت |
| مجھے بیسیلس کالمیٹ-گورین (-Bacillus Calmette Guérin, BCG) ویکسین (تپ دق کی ویکسین) لگی ہوئی ہے۔ کیا مجھے پھر بھی تپ دق انفیکشن ہو سکتا ہے یا فعال تپ دق کی بیماری ہو سکتی ہے؟ | اگر آپ نے بچپن میں BCG ویکسینیشن لگوائی ہے تب بھی آپ میں تپ دق انفیکشن یا فعال تپ دق بیماری پیدا ہونے کا خطرہ ہے۔ اگر آپ نے بچپن میں BCG ویکسینیشن لگوائی ہو تب بھی آپ کو ٹیسٹ کروانا چاہیے کیونکہ یہ بالغوں کو تپ دق کے انفیکشن سے محفوظ رکھنا جاری نہیں رکھتی۔ اگر آپ نے BCG کی ویکسینیشن لگوائی ہے تو آپ کو اپنے فراہم کنندہ سے خون پر مبنی تپ دق ٹیسٹ کا کہنا چاہیے، نہ کہ جلد کا ٹیسٹ۔ خون پر مبنی ٹیسٹ آپ کو بتائے گا کہ آیا آپ کو تپ دق کا انفیکشن ہے چاہے آپ کو پہلے ویکسین لگائی گئی ہو۔ |
| تپ دق انفیکشن اور فعال تپ دق بیماری صرف کچھ لوگوں کو ان کے طرز زندگی یا آمدنی کی سطح کی وجہ سے ہوتی ہے۔<br><br>تپ دق انفیکشن اور فعال تپ دق بیماری سزا ہیں کیونکہ آپ نے کچھ غلط کیا ہے۔ | **کوئی بھی شخص** متاثر ہو سکتا ہے اگر وہ تپ دق کا سبب بننے والے بیکٹیریا کی زد میں آ جائے۔ تپ دق انفیکشن، یا یہاں تک کہ فعال تپ دق بیماری کا، کسی کے رویے یا سماجی طبقے سے کوئی تعلق نہیں ہے۔ |

| اگر کوئی یہ کہے... | تو یہ بتائیں... |
| --- | --- |
| افسانہ | حقیقت |
| فعال تپ دق کی بیماری ایک ایسی چیز ہے جس کے بارے میں میرے دادا دادی کی نسل کو پریشان ہونا پڑا۔ اب یہ کوئی مسئلہ نہیں ہے۔ | تپ دق اب بھی امریکہ اور دنیا بھر میں ایک مسئلہ ہے۔ تپ دق دنیا بھر میں موت کی ٹاپ 10 وجوہات میں سے ایک ہے - یہاں تک کہ HIV/ AIDS سے بھی زیادہ۔ امریکہ میں ایک اندازے کے مطابق 13 ملین افراد کو تپ دق کا انفیکشن ہے۔[1] |
| تپ دق انفیکشن یا فعال تپ دق بیماری والے افراد کو خصوصی ہسپتالوں میں اور اپنے خاندانوں سے دور رہنا پڑتا ہے۔ | لوگوں کو تپ دق انفیکشن اور فعال تپ دق بیماری کی وجہ سے خصوصی ہسپتالوں میں رہنے کی ضرورت نہیں ہے۔ ایسا ماضی میں ہوا کیونکہ ہمارے پاس تپ دق انفیکشن اور فعال تپ دق بیماری کے علاج کے لیے دوا نہیں تھی۔ اب ہمارے پاس تپ دق انفیکشن اور فعال تپ دق بیماری کا علاج موجود ہے۔ میں اپنے گھر سے تپ دق انفیکشن کا علاج کروا سکتا ہوں۔ |

"مجھے تپ دق انفیکشن ہے۔ مجھے کوئی علامات نہیں ہیں اور میں بیمار محسوس نہیں کرتا ہوں۔ میں متعدی نہیں ہوں۔ مجھے علاج کروانے کی ضرورت ہے تاکہ مجھے فعال تپ دق کی بیماری نہ ہو جو کہ ایک سنگین مرض ہے۔

1. مراکز برائے بیماری پر کنٹرول اور روک تھام۔ ڈیٹا اور اعداد و شمار۔ CDC۔ **https://www.cdc.gov/tb/statistics/default.htm.**

| اگر کوئی یہ کہے… | تو یہ بتائیں… |
| --- | --- |
| ✕ افسانہ | ✓ حقیقت |
| میں اسکریننگ کرواؤں گا لیکن اسکریننگ اور علاج بہت مہنگا ہے۔ | NYC محکمہ صحت کے TB Chest Centers (تپ دق کے چھاتی کے مراکز) بغیر کسی قیمت کے ٹیسٹ اور علاج فراہم کرتے ہیں۔ حوالہ حاصل کرنے کے بارے میں اپنے فراہم کنندہ سے بات کریں۔ |
| اگر میری اسکریننگ ہوتی ہے اور انہیں پتہ چلتا ہے کہ مجھے تپ دق انفیکشن یا فعال تپ دق کی بیماری ہے تو میرا فراہم کنندہ مجھے رپورٹ کرے گا۔ مجھے خدشہ ہے کہ مجھے ملک بدر کر دیا جائے گا۔ | NYC محکمہ صحت بیمہ یا ترک وطن کی حیثیت کے بارے میں پوچھے بغیر اپنی خدمات پیش کرتا ہے۔ ان کا تمام ریکارڈ خفیہ ہوتا ہے۔ |
| اگر آپ کو کوئی علامات نہیں ہیں تو دوائی لینا ضروری نہیں ہے۔ | اگرچہ میرے اندر علامات نہیں ہیں تب بھی میرے جسم میں تپ دق کے بیکٹیریا موجود ہیں۔ تپ دق کے انفیکشن کے لیے دوا لینا بہتر ہے تاکہ مجھے فعال تپ دق بیماری نہ ہو، جو کہ ایک سنگین بیماری ہے۔ |
| تپ دق انفیکشن اور فعال تپ دق بیماری کا علاج آپ کی جان لے سکتا ہے۔ | تپ دق انفیکشن اور فعال تپ دق بیماری کا علاج آپ کی جان نہیں لے گا۔ کچھ لوگوں کو علاج کرواتے وقت ضمنی اثرات کا سامنا کرنا پڑ سکتا ہے۔ فعال تپ دق بیماری سے بچنے کے لیے جیسے ہی آپ کو معلوم ہو کہ آپ کو تپ دق کا انفیکشن ہے علاج کروانا ضروری ہے، جو کہ ایک سنگین بیماری ہے جو علاج نہ ہونے پر آپ کی جان لے سکتی ہے۔ |

اگر آپ کو معلوم ہو کہ آپ کو تپ دق انفیکشن ہے:

- اپنے فراہم کنندہ سے بات کریں اور تپ دق کو سمجھیں۔
- اپنے خاندان، دوستوں اور کمیونٹی کے ساتھ تپ دق انفیکشن اور فعال تپ دق بیماری کے بارے میں بات کریں۔

فعال تپ دق بیماری اور COVID-19 دونوں پھیپھڑوں کو متاثر کرتے ہیں اور لوگوں کے درمیان قریبی رابطے سے پھیلتے ہیں۔ فعال تپ دق بیماری اور COVID-19 ہوا کے ذریعے پھیلتے ہیں جب آپ کھانستے، چھینکتے یا بولتے ہیں۔ دونوں میں ایک جیسی علامات ہوتی ہیں اور یہ جاننے میں غلطی ہو سکتی ہے کہ آپ کو اصل میں کون سی بیماری ہے۔ مزید جاننے کے لیے اپنے فراہم کنندہ سے رابطہ کریں۔

تپ دق انفیکشن اور تپ دق کی بیماری کے بارے میں مزید معلومات کے لیے، **nyc.gov/health/tb** ملاحظہ کریں۔ COVID-19 کی علامات کے بارے میں مزید معلومات کے لیے، **nyc.gov/health/coronavirus** ملاحظہ کریں۔ ساتھیوں کی سپورٹ کے لیے **wearetb.com** پر We Are TB Survivor's Network ملاحظہ کریں۔

NYC Health